
# خواتین کی جائیداد کے حقوق کا نفاذ




## قانون فہمی

قانون و انصاف کمیشن آف پاکستان

ویب سائٹ: www.ljcp.gov.pk

## قانون کس بارے میں ہے؟

خواتین کی جائیداد کے حقوق کے نفاذ کا قانون مجریہ 2020

(XII of 2020) اسلام آباد دارالحکومت کے علاقائی دائرہ اختیار کے اندر خواتین کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی ملکیت اور قبضہ کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔

## شکایت کیسے اور کہاں درج کی جائے؟




- خاتون اگر کسی جائیداد کی ملکیت یا قبضہ کے حق سے محروم کی گئی ہو تو اس صورت میں وہ خود یا کوئی بھی شخص بشمول غیر سرکاری تنظیم (این جی او) کے ذریعے محتسب کے روبرو شکایت درج کرواسکتی ہے۔

- اسکے علاوہ محتسب از خود بھی کاروائی کر سکتا ہے بشرطیکہ معاملہ کسی عدالت میں زیر التوانہ ہو۔

- خواتین کو ملازمت کے مقام کار پر ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے قانون مجریہ 2010 (IV of 2010) کے تحت مقرر کردہ محتسب مذکورہ قانون کے تحت شکایت کا فیصلہ کرنے کا مجاز ہے۔




# شکایت پر کارروائی کا طریقہ کار:

i. شکایت موصول ہونے پر محتسب ابتدائی جائزے اور ریکارڈ طلبی کے بعد اگر سمجھے کہ معاملے میں مزید تفصیلات کی ضرورت نہیں ہے تو اسکے مطابق فیصلہ کر دے گا۔

ii. تاہم اگر محتسب سمجھے کہ معاملے میں مزید تحقیقات یا تفتیش کی ضرورت ہے تو معاملہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو رپورٹ کے لیے بھیج سکتا ہے۔

iii. محتسب سے کیس موصول ہونے پر ڈپٹی کمشنر فریقین کو ریکارڈ کے ساتھ بلائے گا اور سمری انکوائری کے بعد ڈپٹی کمشنر اپنی رپورٹ پندرہ دن کے اندر محتسب کو پیش کرے گا۔

iv. رپورٹ اور انکوائری کے نتائج حاصل کرنے کے بعد محتسب فریقین کو اپنے اعتراضات جمع کرانے کے لیے بلائے گا اور فریقین کو سننے کا موقع فراہم کرنے کے بعد شکایت پر حکم جاری کرے گا۔

v. محتسب شکایت موصول ہونے کے ساٹھ یوم کے اندر کارروائی مکمل کرے گا۔

# جائیداد کی ملکیت اور قبضہ کی منتقلی کا طریقہ کار

اگر یہ ظاہر ہو جائے کہ شکایت کنندہ کو غیر قانونی طور پر اسکی جائیداد کی ملکیت یا قبضے سے بے دخل کیا گیا ہے تو محتسب:

i. ڈپٹی کمشنر کو جائیداد کی ملکیت، قبضہ یا ٹائٹل کی بحالی کے لیے ہدایت کرے گا۔

ii. پولیس اسٹیشن کے انچارج آفیسر کو حکم پر عمل درآمد میں مدد کے لیے ہدایت کر سکتا ہے۔

iii. شکایت کنندہ کو حق سے محروم رکھنے والے شخص کو یہ حکم بھی دے سکتا ہے کہ وہ شکایت کنندہ کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق کرایہ ادا کرے اسی مدت تک جس مدت کے لیے شکایت کنندہ اپنی جائیداد کے استعمال کے حق سے محروم رہی۔



# کب معاملہ دیوانی عدالت میں بھیجا جائے گا؟

- اگر معاملے کی تفصیلی تحقیقات، تفتیش یا شواہد ریکارڈ کرنے کی ضرورت ہو تو محتسب اسے بطور ریفرنس بمعہ تمام رپورٹس اور مواد شکایت موصول ہونے کے 60 دنوں کے اندر متعلقہ دیوانی عدالت میں جمع کرائے گا۔

- عدالت ریفرنس مقدمہ دیوانی کے طور پر لے گی اور مجموعہ ضابطہ دیوانی مجریہ 1908 (V of 1908) اور متعلقہ قواعد کے تحت اس مقدمہ کو چلائے گی۔



# صوبوں میں
# قانون کا اطلاق

خواتین کی جائیداد کے حقوق کے تحفظ کے قوانین صوبہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بھی نافذ کئے گئے ہیں۔

- پنجاب میں خواتین کی جائیداد کے حقوق کے نفاذ کا قانون مجریہ 2021 (X of 2021)۔
- خیبر پختونخوا میں خواتین کی جائیداد کے حقوق کے نفاذ کا قانون مجریہ 2019 (XIV of 2019)۔



# مزید معلومات کے لیے:

مقام کار پر ہراساں کے خلاف تحفظ کے تحت مقرر کردہ محتسب کے درج ذیل دفاتر سے تفصیلات کے لیے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## دفتر کا پتہ





## اسلام آباد

فرسٹ فلور، ایل جی اینڈ آر ڈی کمپلیکس، اسٹیٹ بینک بلڈنگ، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔

فون نمبر: 051-9262944

051-9262952

فیکس نمبر: 051-9262945

ای میل: info@fospah.gov.pk

ویب سائٹ: www.fospah.gov.pk.

## پنجاب



197 ابو بکر بلاک، گارڈن ٹاون، لاہور

فون نمبر:50-042-99233348

فیکس نمبر:042-99268281

ای میل: ombudspersonpunjab.gov.pk@gmail.com

ویب سائٹ:

www.ombudsperson.punjab.gov.pk

## خیبر پختونخوا



فرسٹ فلور، روم نمبر: 212 اور 220 بینولنٹ فنڈ بلڈنگ، نزد جان بیکرز صدر، پشاور۔

فون نمبر:091-9212308

فیکس نمبر:091-9212307

ای میل: ombd.kp@gmail.com

ویب سائٹ:

www.ombudsperson.gov.pk